لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعۃ المبارک 25 ستمبر 2026ء 1448ھ 12 ربیع الثانی 11 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 243

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

مالدیپ کی پارلیمنٹ کے سپیکر کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

پاکستان اور ممالک کے باہمی مفاد میں دونوں تعلقات مزید مضبوط بنانے کے لیے پرعزم ہے

فیلڈ مارشل

مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف سے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا

مالدیپ کے اسپیکر نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا، عبدالرحیم عبداللہ نے دوطرفہ روابط مزید گہرے اور باہمی تعاون کو وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا

نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف سے امریکا میں مقیم پاکستانی نوجوانوں کے وفد ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مالدیپ کی پارلیمنٹ کے اسپیکر کی آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق مالدیپ کی پیپلز مجلس کے اسپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف سے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بیان کے مطابق آرمی چیف نے پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

وفاقی حکومت کا خیبر پختونخوا کا ترمیم شدہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان

ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے، وفاق کے پاس ترمیم شدہ پولیس ایکٹ پر بہت آپشنز ہیں، طلال چودھری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چودھری نے خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے مجوزہ پولیس ایکٹ پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے اپنی فوج اور پولیس نہیں بنا سکتے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے، وفاق کے پاس ترمیم شدہ پولیس ایکٹ پر بہت آپشنز ہیں، یہ پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 8 دہشت گرد ہلاک

شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود اور دیگر سامان بھی برآمد کیا گیا ہے

وانا (مانیٹرنگ ڈیسک) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 8 دہشت گرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آپریشن میں 8 دہشت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

وزیراعظم شہباز شریف کی آسٹریا کے چانسلر کرسچن اسٹوکر سے ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون اور باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تبادلہ خیال

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے افتتاحی سیشن کے موقع پر آسٹریا کے وفاقی چانسلر کرسچن اسٹوکر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

مسلم لیگ (ن) کے ڈاکٹر نجیب نقی آزاد کشمیر کے نئے صدر منتخب، چوہدری لطیف اکبر نے 13 ووٹ حاصل کیے، ایک رکن غیر حاضر رہا

مظفر آباد/اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نامزد امیدوار ڈاکٹر نجیب نقی 32 ووٹ لیکر آزاد کشمیر کے نئے صدر منتخب ہو گئے، ڈاکٹر نجیب نقی آزاد کشمیر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان پوری قوم کا فخر ہیں، پاکستان بھر کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور جدید ہنر سکھانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

یقین ہے پاکستان کی قسمت صرف نوجوان ہی بدل سکتے ہیں

وزیراعظم

معاشی طور پر کمزور بچوں کو دانش سکولز کے ذریعے بین الاقوامی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ اب عالمی معیار کی دانش یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے، پاکستان کے نوجوانوں کی ترقی کیلئے آپ کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں، شہباز شریف کی امریکا میں مقیم پاکستانی نوجوانوں کے وفود سے ملاقاتوں میں گفتگو

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان مجھ سمیت پوری قوم کا فخر ہیں، پختہ یقین ہے کہ پاکستان کی قسمت صرف نوجوان ہی بدل سکتے ہیں، پاکستان بھر کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور جدید ہنر سکھانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے امریکا میں مقیم پاکستانی نوجوانوں کے وفد نے ملاقات کی، جس میں شعبہ صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور سماجی انٹرپرینیورز کے ساتھ ساتھ مختلف یوتھ این جی اوز کے سربراہان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سمیت 5 افراد نامزد

فورنزک رپورٹ کی روشنی میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی ریڈیو پاکستان حملے کے مقام پر موجودگی کی تصدیق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت میں 9 اور 10 مئی کے پرتشدد واقعات اور ریڈیو پاکستان پر حملہ کیس کی سماعت کے دوران تفتیشی افسر نے عدالت میں پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

پاکستان کی سفارتی کوششوں کا عالمی اعتراف، جرمنی نے ثالثی کردار کو اہم قرار دے دیا

بیان میں خاص طور پر آبنائے ہرمز اور باب المندب سے متعلق سفارتی کوششوں کا ذکر کیا گیا

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی نے علاقائی تنازعات کے حل کیلئے پاکستان کی جانب سے کی جانے والی سفارتی اور ثالثی کوششوں کو سراہا ہے، خصوصاً آبنائے ہرمز اور باب المندب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

افغانستان میں ڈرون ذخیرہ اور لانچ کرنے والے مقامات کو نشانہ بنایا

وزیر عطا تارڑ

پاکستان 23 ستمبر 2026 کو افغان سرزمین سے پاکستان میں ڈرونز کے ذریعے کی جانے والی دانستہ اور غیر قانونی دراندازی کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے

افغان طالبان حکومت نے پاکستان کے خلاف دشمنانہ ڈرون کارروائیوں کے ذریعے صورتِ حال کو مزید کشیدہ کرنے کا راستہ اختیار کیا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان 23 ستمبر 2026 کو افغان سرزمین سے پاکستان میں ڈرونز کے ذریعے کی جانے والی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

اساتذہ کرام کی نفسیاتی معاونت کیلئے مینٹل ہیلتھ ٹریننگ شروع کرنے کا فیصلہ

پنجاب کے سرکاری سکولوں کیلئے نئے نصاب کی باضابطہ منظوری

ہر ڈسٹرکٹ میں وزیٹنگ فیکلٹی سائیکالوجسٹ متعین کرنے کی تجویز، طلبہ کیلئے آن لائن کونسلنگ فراہم کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت، سکولوں میں طلبہ کو جسمانی سزا سے روکنے کیلئے قانون سازی پر اتفاق، جسمانی سزا کی بجائے کلاس روم میں ڈسپلن کارنر قائم کرنے کی تجویز

مار پیٹ کا ڈرامہ بچے کی زندگی پر تاحیات اثر انداز ہوتا ہے: وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، پیکٹا سے متعلق تفصیلی بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سکول ایجوکیشن کے نئے نصاب کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

فیول ریلیف، چنگ چی اور لوڈرز رجسٹریشن مسائل فوری حل کیے جائیں، احد چیمہ

فیول ریلیف اسکیم سے متعلق عوامی آگاہی بڑھانے کے لیے مزید اقدامات جاری رہیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ نے کہا ہے کہ چنگ چی رکشوں اور لوڈرز کی رجسٹریشن کے مسائل فوری حل کیے جائیں۔ احد چیمہ کی زیر صدارت وزیراعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین سے ڈپٹی ریجنل نمائندے مسٹر رابرٹ سمپسن اور ایف اے او کی نمائندہ محترمہ ربیکا بیل سے ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان میں دہشتگردی؛ ملوث افغان عناصر کے شواہد ایک بار پھر سامنے آ گئے، بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی، رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث افغان عناصر کے شواہد ایک بار پھر سامنے آ گئے۔ سیکیورٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

اخبارات میں مستند ادارتی نظام قارئین کو تحقیق و تصدیق پر مبنی خبریں، تجزیے اور باخبر نقطہ نظر فراہم کرنے کے لئے ضروری ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اخبارات میں مستند ادارتی نظام قارئین کو تحقیق و تصدیق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

حکومت اور چیمبرز کو ٹیم بن کر ملکی معیشت کے لئے کام کرنا ہوگا، احسن اقبال

معرکہ حق کے بعد اب معرکہ معیشت میں کامیابی حاصل کرنا لازم ہے خطاب

فیصل آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ فیصل آباد پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، حکومت اور چیمبرز کو ایک ٹیم بن کر ملکی معیشت کے لئے کام کرنا ہوگا، معرکہ حق کے بعد اب معرکہ معیشت میں کامیابی حاصل کرنا لازم ہے، دفاعی اور سفارتی کامیابیوں کو معاشی کامیابی میں تبدیل کرنا ہوگا۔ فیصل آباد چیمبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

نیویارک: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ایوایس ایکسپورٹس امپورٹ کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان 23 ستمبر 2026 کو افغان سرزمین سے پاکستان میں ڈرونز کے ذریعے کی جانے والی

سید یوسف رضا گیلانی کی صدر بیلاروس الیگزینڈر لوکاشینکو سے ملاقات، دوطرفہ تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

منسک (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے منسک میں جمہوریہ بیلاروس کے صدر الیگزینڈر گریگور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

رانا تنویر حسین کی ایف اے او قیادت سے ملاقات، زراعت اور غذائی تحفظ میں تعاون مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے ایشیا و بحرالکاہل کے لیے اقوام متحدہ کے ادارہ خوراک وزراعت (ایف اے او) کے ڈپٹی ریجنل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اسحاق ڈار کی خلیج تعاون کونسل کے سیکرٹری جنرل جاسم محمد البدیوی سے ملاقات

علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کے لئے مل کر کام کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر خلیج تعاون کونسل کے سیکرٹری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کی نظر بندی معطل کرنے کی استدعا مسترد

لاہور ہائیکورٹ، فریقین کو نوٹسز جاری، جواب طلب کر لیا اور متعلقہ فریقین سے رپورٹ بھی طلب

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف دائر درخواستوں پر فوری طور پر نظر بندی کے نوٹیفکیشن معطل کرنے کی استدعا مسترد کر دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے متعلقہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

لانگ مارچ موخر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہو سکتے

وزیر اطلاعات رانا ثناء اللہ

لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جا رہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہو گا، سڑکیں کھلی ہوئی ہیں، کنٹینر سڑک کنارے پڑے ہیں

یہ یاد رکھا جائے کسی کو بھی اسلام آباد پر چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ مشیر وزیراعظم برائے سیاسی امور

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی قیادت سے بیک ڈور رابطے اب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

وزیراعظم کا آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحاتی پروگرام پر کامیابی سے عملدرآمد کے لیے اپنی حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحاتی پروگرام پر کامیابی سے عملدرآمد کیلئے اپنی حکومت کے غیر متزلزل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

بزنس فیسلی ٹیشن سینٹر ریگولیٹری اصلاحات کو عملی سرمایہ کاری سہولت کاری میں تبدیل کرنے کی ایک موثر مثال ہے، قیصر احمد شیخ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ بزنس فیسلی ٹیشن سینٹر ریگولیٹری اصلاحات کو عملی سرمایہ کاری سہولت کاری میں تبدیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

وزیر خزانہ کی اہم ملاقاتیں ڈیجیٹائزیشن، پی آئی اے اور ریکوڈک پر مشاورت

ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے، فری لانسرز کو اعلیٰ مہارتوں کی جانب منتقل کرنے کی ضرورت ہے: سینیٹر اورنگزیب

وزیر خزانہ نے ورچوئل اثاثہ جات کے عملی استعمال اور کم لاگت ترسیلاتِ زر پر توجہ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نیویارک میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقاتیں ہوئیں، جن میں پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

پمز میں بکھری تین ایمرجنسیز کو یکجا کر کے نیا ٹراما سینٹر تعمیر کیا گیا ہے، وزیر صحت

پمز میں 10 ارب روپے کی لاگت سے 205 بستروں پر مشتمل نیا کینسر اسپتال بھی تعمیر کیا جا رہا ہے، سید مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ماضی میں پمز میں تین مختلف اور بکھری ہوئی ایمرجنسیز تھیں، جنہیں ایک جگہ منتقل کر کے نیا ٹراما سینٹر تعمیر کیا گیا ہے، پمز میں ساڑھے 7 ارب روپے کی لاگت سے نیا ٹراما سینٹر مکمل کیا گیا ہے۔ پمز میں 10 ارب روپے کی لاگت سے 205 بستروں پر مشتمل نیا کینسر اسپتال بھی تعمیر کیا جا رہا ہے۔ پمز ہسپتال میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

وزیر مواصلات سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس کے وفد کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس کے نمائندہ وفد نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

وزیر پٹرولیم کی زیر صدارت اجلاس، وزیراعظم فیول ریلیف سکیم پر عملدرآمد، مصنوعات کی بلاتعطل دستیابی بارے انتظامات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت امن وامان کی کسی بھی صورتحال یا سڑکوں کی بندش کی صورت میں ایندھن کی فراہمی بلاتعطل رکھنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

ہماری بات سنی جائے، ہم پرامن ہیں اور اپنے حقوق کیلئے نکل رہے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

لانگ مارچ میں آنے والے سیاسی لوگوں کے خلاف نیٹ لانچر استعمال کرنیکا وقت نہیں، بیرسٹر علی گوہر کی گفتگو

ہم پرامن تھے، پرامن ہیں اور پرامن رہیں گے، اداروں یا اسلام آباد پر حملہ نہیں کریں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہماری بات سنی جائے، ہم پرامن ہیں اور اپنے حقوق کیلئے نکل رہے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سیکیفتگو میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اتنے سنجیدہ حالات میں جب لانگ مارچ ہونے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی نیپال کے ہم منصب شیسیر کھنال سے ملاقات

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

محمود اچکزئی اور پی ٹی آئی قیادت بات چیت کیلئے تیار ہے، حکومت میں اس وقت مسائل ختم کرنے کی سوچ نہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے ایک بار پھر حکومت سے بات چیت پر آمادگی ظاہر کر دی۔ ایک بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ اور متوازن کردار قابل قدر ہے، صدر زرداری

اخبارات آج بھی رائے عامہ کی تشکیل اور باخبر شہری معاشرے کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نوجوانوں کو اخبارات کے مطالعہ کی عادت اپنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوریت کے استحکام میں اخبارات کا غیر جانبدارانہ اور متوازن کردار قابل قدر ہے۔ توقع ہے کہ اخبارات کے ایڈیٹوریل بورڈز ریاست اور معاشرے کے وسیع تر مفاد میں سماجی واقتصادی، مذہبی اور سیاسی مسائل کے ساتھ ساتھ خارجہ پالیسی پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، شہریوں کو آف لوڈ کرنے پر عدالت برہم، ایف آئی اے سے قانونی اختیار طلب

ایس او پیز قانون نہیں ہوتے، ہمیں قانون پر عمل درآمد کرنا ہوتا ہے، اسلام آباد ہائی کورٹ

آپ یونیفارم پہنے ہوئے پاکستان کی ایک ایجنسی ہیں لیکن بظاہر قانون کے خلاف کام کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے شہریوں کو آف لوڈ کرنے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ایف آئی اے سے قانونی اختیار طلب کر لیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریوں کو آف لوڈ کرنے کے معاملے میں ایف آئی اے کی جانب سے ازخود ایس او پیز بنانے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر شہریوں کو آف لوڈ کرنے اور روکنے سے متعلق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز تعیناتی کی منظوری دے دی گئی

انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس مناسب اور ضروری جوابی ایکشن لے، اعلامیہ

رینجرز اہلکار امن وامان اور سیکیورٹی معاونت کیلئے تمام ضروری ذمہ داریاں سرانجام دیں گے، وزارت داخلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے ممکنہ لانگ مارچ کے دوران امن وامان برقرار رکھنے کیلئے اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز تعیناتی کی منظوری دے دی گئی۔ وزارت داخلہ نے اسلام آباد اور پنجاب میں رینجرز کو قانونی اختیارات کے تحت مکمل معاونت کی اجازت دی ہے، چیف کمشنر اسلام آباد اور حکومت پنجاب کی درخواست پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ڈاکٹر نجیب نقی کو صدر آزاد جموں وکشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا ڈاکٹر نجیب نقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ڈاکٹر نجیب نقی کو صدر آزاد جموں و کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا ڈاکٹر نجیب نقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ ڈاکٹر نجیب نقی کا صدر آزاد جموں وکشمیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی لانگ مارچ روکنے کا سیکیورٹی پلان تیار، ربڑ گنز اور ربڑ کی ہزاروں گولیوں کی ڈیمانڈ

ہزاروں اینٹی رائٹ کٹس، بلٹ پروف ہیلمٹ، جیکٹس، آنسو گیس گنز اور شیلز بھی طلب کر لیے گئے

راولپنڈی اور اسلام آباد کو مارچ کے قریب پہنچنے تک معمول کے مطابق کھلا رکھنے کا فیصلہ، ذرائع

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے لانگ مارچ سے نمٹنے کی تیاریاں حتمی مراحل میں داخل ہو گئی ہیں اس سلسلے میں راولپنڈی ڈویژن میں 43 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں مظاہرین کو جڑواں شہروں میں داخلے سے روکنے کے لیے اٹک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پٹرولیم علی پرویز ملک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد: چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

اوکاڑہ تھانہ اے ڈویژن میں قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر فوری احکامات

اوکاڑہ تھانہ اے ڈویژن میں قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر فوری احکامات

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) قائم مقام ڈی پی او اوکاڑہ حافظ خضر زمان نے تھانہ اے ڈویژن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں مرد و خواتین شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہریوں نے اپنے مسائل، شکایات اور درخواستیں براہِ راست قائم مقام ڈی پی او کے سامنے پیش کیں۔ قائم مقام ڈی پی او حافظ خضر زمان نے شہریوں کی شکایات کو غور سے سنا اور متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری اور قانونی حل کے لیے موقع پر ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر میرٹ اور قانون کے مطابق کارروائی کو یقینی بنایا جائے اور بلاوجہ تاخیر سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ہونہار طالبہ زمن عبداللہ نے 1060 نمبر حاصل کر کے ایف ایس سی میں شیر گڑھ سمیت علاقہ بھر کو ٹاپ کر لیا

شیر گڑھ (نامہ نگار) ہونہار طالبہ زمن عبداللہ نے 1060 نمبر حاصل کر کے ایف ایس سی میں شیر گڑھ سمیت علاقہ بھر کو ٹاپ کر لیا؛ اہم حلقوں کی مبارکباد؛ رپورٹ کیمطابق SGS سکول شیر گڑھ کی سابق سٹوڈنٹ، پنجاب کالج حجرہ کیمپس کی ہونہار طالبہ، ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی صدر شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ کی صاحبزادی لائق فائق طالبہ زمن عبداللہ نے ایف ایس سی کمپیوٹر سائنس میں 1060 نمبر حاصل کر کے شیر گڑھ سمیت علاقہ بھر میں اول جبکہ ساہیوال بورڈ میں نمایاں پوزیشن حاصل کر کے انٹرمیڈیٹ امتحان A پلس گریڈ میں پاس کر لیا؛ ہونہار طالبہ زمن عبداللہ نے اس کامیابی کا سہرا اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی کیبعد پنجاب کالج کے اساتذہ کرام کی محنت اور والدین کی دعاوں کا ثمر ٹھہراتے ہوئے مستقبل میں اس کامیابی کو مزید ترقی کی خطوط پر استوار کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے معتبر حلقوں سے حاجی راؤ محمد اجمل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

ستھرا پنجاب وزیر آباد میں صفائی کے نام پر مبینہ 'تصویری کھیل'، گلی میں گاد اور غلاظت پڑی رہی اور ایپ پر شکایت کلیئر!

گکھڑ منڈی (نامہ نگار) ستھرا پنجاب وزیر آباد میں صفائی کے نام پر مبینہ 'تصویری کھیل'، گلی میں گاد اور غلاظت پڑی رہی اور ایپ پر شکایت کلیئر مبینہ طور پر مینیجر کے حکم پر سپروائزر نے کسی دوسری گلی کی تصویر ایپ پر اپلوڈ کر کے ستھرا پنجاب ایپ پر شکایت کلیئر کر دی گئی۔ متاثرہ شہری کے مطابق اس نے اپنی گلی میں موجود گندگی

لوڈر کے شکایت نمٹا دی، سینکڑوں شہری تین روز سے تعفن اور اذیت میں مبتلا، گادنہ اٹھانے پر مبینہ دھمکی آمیز رویہ گکھڑ منڈی: وزیر آباد کے علاقہ گکھڑ میں ستھرا پنجاب کے صفائی نظام کے حوالے سے ایک ایسا معاملہ سامنے آیا ہے جس نے حکومتی دعوؤں اور زمینی حقائق کے درمیان مبینہ فرق کو بے نقاب کر دیا۔ شہری کا الزام ہے کہ اس کی گلی میں گٹروں اور نالیوں سے نکالی گئی گاد، اور گٹروں سے نکالی گئی گاد اور غلاظت کی واضح تصاویر ستھرا پنجاب ایپ پر ارسال کرتے ہوئے باقاعدہ شکایت درج کرائی۔ شہری کا دعویٰ ہے کہ متعلقہ مینیجر بلال کے کہنے پر سپروائزر نے اصل مقام کی صفائی کی تصویر بھیجنے کے بجائے کسی دوسری گلی کی تصویر ایپ پر اپ لوڈ کر دی اور یوں شکایت کو مبینہ طور پر ''حل شدہ'' ظاہر کر دیا گیا، جبکہ حقیقت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کڑا کریک ڈاؤن کئی پابند سلاسل؛ سول سوسائٹی کا چوہدری جاوید اسلم SHO کو ایوارڈ دینے کا اعلان

شیر گڑھ (نامہ نگار) پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کڑا کریک ڈاؤن کئی پابند سلاسل؛ سول سوسائٹی کا چوہدری جاوید اسلم SHO کو ایوارڈ دینے کا اعلان؛ رپورٹ کیمطابق اسد ملہی DPO اوکاڑا کی زیر ہدایت چوہدری جاوید اسلم SHO نے اپنی ٹیم کے ہمراہ نیگ مین ایسوسی ایشن کی مدد سے کمال حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ریکارڈ یافتہ کئی منشیات فروشوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے انکے قبضہ سے منشیات کی بھاری مقدار برآمد کر کے ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے ہیں معتبر حلقوں سول سوسائٹی سے محمد ریاض بھٹی، منصب علی یاسر بھٹہ، میاں الطاف حسین، نعمان ایڈووکیٹ، مہر وزیر عالم، چوہدری غلام رسول، فیاض پرنس، چوہدری وارث علی، عمر فاروق بھٹی، زوہیب حسن بھٹی، پروین کوثر پی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

میاں خادم حسین انصاری کی ناگہانی وفات پر صحافتی تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد؛ دعائے مغفرت کی گئی

شیر گڑھ (نامہ نگار) میاں خادم حسین انصاری کی ناگہانی وفات پر صحافتی تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد؛ دعائے مغفرت کی گئی؛ تفصیلات کیمطابق شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ، جاوید نگر پریس کلب حبیب آباد، قائد اعظم پریس کلب حجرہ، جناح پریس کلب چوک شاہ مقیم، اتحاد پریس کلب رینالہ، پاکستان پریس کلب راجوال، عوامی پریس کلب ڈھلیانہ، نیو حجرہ پریس کلب قلعہ سوندھا سنگھ، ہم خیال پریس کلب حجرہ، بہاول شیر پریس کلب حجرہ، ہم خیال جرنلسٹ کمیونٹی ضلع اوکاڑا، سمیت مختلف صحافتی تنظیموں کا مشترکہ تعزیتی اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی منعقد ہوا اجلاس میں شاہ زیب عباس شاجی، محمد جمیل الخیری، شیخ انس ندیم، محمد عارف پٹواری، ڈاکٹر مدثر صدیق آرائیں، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

ڈسکہ و گردونواح میں گندم، آٹا مہنگا ہونے پر روٹی، نان کی قیمت میں اضافہ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ و گردونواح میں گندم، آٹا مہنگا ہونے پر روٹی، نان کی قیمت میں اضافہ، ڈسکہ شہر اور گردونواح میں روٹی 20 اور نان 35 روپے میں فروخت ہونے لگا گندم، آٹا مہنگا ہونے پر ڈسکہ میں بھی نان بائیوں نے نان، روٹی کی قیمت بڑھا دی۔ دودھ، گوشت، دالیں سبزی فروٹ بھی سرکاری نرخوں پر دستیاب نہیں۔ گندم اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ برائے خواتین، چنیوٹ میں ایک آگاہی نشست کا انعقاد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پانچ ماہ کے مجوزہ شیڈول کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ووٹر ایجوکیشن کمیٹی چنیوٹ کے زیر اہتمام گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ برائے خواتین، چنیوٹ میں ایک آگاہی نشست کا انعقاد کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

اوباش نوجوان کی بارہ سالہ لڑکے سے بدفعلی کی کوشش

کامونکے (تحصیل رپورٹر) اوباش نوجوان کی بارہ سالہ لڑکے سے بدفعلی کی کوشش۔ گذشتہ روز نواحی گاؤں مہے چٹھہ کا (ا) جی ٹی روخان ٹاؤن کے قریب اپنے چچا زاد عقیل کو ملنے اُسے کارخانہ گیا جہاں پر کام کرنے والے زراق نامی نوجوان نے زبردستی اُسے جنسی ہوس کا نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ صدر پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

چوری کی سات مختلف وارداتوں میں شہری مال وزر سے محروم

کامونکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی سات مختلف وارداتوں میں شہری مال وزر سے محروم ہو گئے۔ گذشتہ رات نواحی گاؤں منہیس کا انتظار علی گھر کے قریب مدرسے میں اپلائیڈ فار رکشہ کھڑا کر کے چلا گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجودگی میں رکشہ چوری کر کے لے گئے۔ موضع اگو بھنڈر کے وقاص عارف کے پانچ چھترے حویلی سے چوری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں دو خاندانوں کو لوٹ لیا گیا

کامونکے (تحصیل رپورٹر) ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں دو خاندانوں کو لوٹ لیا گیا۔ گذشتہ صبح گوجرانوالہ کا محمد عثمان اور اُسکی اہلیہ اپنی بیمار بیٹی کی دوائی لینے لاہور جا رہے تھے کہ جی ٹی روڈ چیانوالی ٹول پلازہ کے قریب دو مسلح ڈاکوؤں سے ساڑھے سات ہزار روپے اور دو موبائل فون چھین کر لے گئے۔ جبکہ لاہور کا عرفان علی اپنی اہلیہ بلقیس اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فیصل شہزاد چیمہ کے تبادلے کے موقع پر اپیکا دیپالپور اور میونسپل کمیٹی دیپالپور کے افسران و ملازمین کی جانب سے الوداعی ملاقات کا اہتمام

دیپال پور (امام دین + نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فیصل شہزاد چیمہ کے تبادلے کے موقع پر اپیکا دیپالپور اور میونسپل کمیٹی دیپالپور کے افسران و ملازمین کی جانب سے الوداعی ملاقات کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر صدر اپیکا دیپالپور

میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں، سی ای او میونسپل کمیٹی دیپالپور عمیر سلطان اور دیگر افسران و ملازمین نے سابق اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ان کے اعزاز میں خوبصورت سوئیئر پیش کیا اس موقع پر صدر اپیکا دیپالپور میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر فیصل شہزاد چیمہ نے اپنے دور تعیناتی کے دوران سرکاری ملازمین کے مسائل کے حل اور محکمانہ امور میں ہمیشہ مثبت اور تعاون پر مبنی رویہ اختیار کیا انہوں نے کہا کہ فیصل شہزاد چیمہ کی بطور اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور ان کا تعاون ایک خوشگوار یاد کے طور پر یاد رکھا جائے گا میاں نعیم احمد بھٹہ ارائیں کا کہنا تھا کہ سرکاری افسر کی اصل پہچان اس کے عوام اور ملازمین کے ساتھ حسنِ سلوک، دستیاب وسائل میں بہتر انتظامی امور اور مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

حویلی لکھا: بالی موڑ پر خوفناک ٹریفک حادثہ، 3 افراد جاں بحق، متعدد زخمی

حویلی لکھا سے خبر شامل کرتے ہیں ہمارے رپورٹر پاکستان پریس کلب کے نائب صدر (ڈاکٹر محمد امین چوہدری) حویلی لکھا: بالی موڑ پر خوفناک ٹریفک حادثہ، 3 افراد جاں بحق، متعدد زخمی حویلی لکھا: بالی موڑ کے قریب خوفناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جہاں تیز رفتار سپیڈ ڈائیو بس بے قابو ہو کر سڑک کنارے موجود درخت سے جا ٹکرائی۔ حادثہ اتنا شدید تھا کہ بس کو شدید نقصان پہنچا جبکہ اس میں سوار متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثے میں 3 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ متعدد افراد کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔ حادثے کے بعد جائے وقوعہ پر کہرام مچ گیا اور شہریوں کی بڑی تعداد بھی موقع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

پاکستان کی مسلح افواج وطن عزیز کے امن، سلامتی اور استحکام کیلئے ہر محاذ پر ثابت قدم ہیں، حاجی عبدالرشید

کامونکے (تحصیل رپورٹر) جمعیت علماء پاکستان تحصیل کامونکے کے صدر حاجی عبدالرشید نے چیف آف ڈیفنس فورسز و چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے پشاور کور ہیڈ کوارٹرز کے دورے اور دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کے اظہار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج وطن عزیز کے امن، سلامتی اور استحکام کیلئے ہر محاذ پر ثابت قدم ہیں۔ چوہدری شوکت منیر نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا پشاور میں خیبر پختونخوا کی سکیورٹی صورتحال، جاری انسدادِ دہشتگردی کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لینا اس امر کا واضح اظہار ہے کہ ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے افسران اور جوانوں کا بلند حوصلہ، پیشہ ورانہ صلاحیت اور ملک و قوم کے تحفظ کیلئے غیر متزلزل عزم پوری قوم کیلئے باعثِ اطمینان ہے۔ دہشتگردی کیخلاف جنگ میں شہداء کی قربانیاں قوم کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قوم کی حمایت سے مسلح افواج دہشتگردی کو شکست (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیموئیلنس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
دیہات بائی روڈ پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایت سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مینٹرنگ سیل	99213100
پولیس ہیلپ لائن	99202881
ایڈیشنل چیف سیکرٹری	111-000-118
سول لیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
ڈی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

شہریوں کو ماحولیاتی آلودگی کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے ستھرا پنجاب ایجنسی تحصیل اوکاڑہ کی جانب سے آگاہی مہم جاری

شہریوں کو ماحولیاتی آلودگی کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے ستھرا پنجاب ایجنسی تحصیل اوکاڑہ کی جانب سے آگاہی مہم جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر سموگ سے بچاؤ، فضائی آلودگی میں کمی اور شہریوں کو ماحولیاتی آلودگی کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے ستھرا پنجاب ایجنسی تحصیل اوکاڑہ کی جانب سے آگاہی مہم جاری ہے اس سلسلے میں ستھرا پنجاب ایجنسی کے ورکرز مختلف علاقوں میں شہریوں کو سموگ سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہ کر رہے ہیں جبکہ شہریوں میں فیس ماسک اور آگاہی پمفلٹس بھی تقسیم کیے جا رہے ہیں آگاہی مہم کے دوران شہریوں کو ہدایت کی جا رہی ہے کہ سموگ کے دوران غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں ضرورت کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے دربار نوشاہی کے قریب کارروائی کرتے ہوئے مضرِ صحت گوشت سے بھرا رکشہ پکڑ لیا

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے دربار نوشاہی کے قریب کارروائی کرتے ہوئے مضرِ صحت گوشت سے بھرا رکشہ پکڑ لیا۔ 2 من خراب اور بدبودار گوشت تلف کر کے سپلائر کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا گیا، ملزم گرفتار۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز کی سربراہی میں خفیہ اطلاع پر کارروائی کی۔ حکام کا کہنا ہے کہ جھلن چشتی روڈ پر چیکنگ کے دوران رکشہ سے 2 من باسی اور بدبودار گوشت برآمد کیا گیا، جسے فروخت کی غرض سے لے جایا جا رہا تھا۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے ضروری کارروائی کے بعد گوشت تلف کر دیا۔ جب کہ پولیس نے فوڈ اتھارٹی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد کا کہنا تھا کہ فوڈ اتھارٹی قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے صوبہ بھر میں سخت ایکشن لیا جا رہا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال کے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 پرانا محلّہ نوشہرہ ورکاں اور گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نمبر 2 محلّہ مسلم ٹاؤن نوشہرہ ورکاں کے اچانک دورے

نوشہرہ ورکاں (تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے) اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال کے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 1 پرانا محلّہ نوشہرہ ورکاں اور گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نمبر 2 محلّہ مسلم ٹاؤن نوشہرہ ورکاں کے اچانک دورے کیے اور تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی نظام، اساتذہ و عملہ کی حاضری، بنیادی سہولیات اور سکولوں کے مجموعی انتظامی امور کا

نوشہرہ ورکاں کے اچانک دورے، معیاری تعلیم، جدید سہولیات اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیح ہے: اسسٹنٹ کمشنر احمد اقبال وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ایجوکیشن ریفارمز پروگرام کے تحت اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ ورکاں احمد اقبال نے مختلف تعلیمی اداروں کے اچانک دورے کیے اور تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی نظام، اساتذہ و عملہ کی حاضری، بنیادی سہولیات اور سکولوں کے مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سکول انتظامیہ نے انہیں جدید تعلیمی سہولیات، تدریسی نظام اور دیگر اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف شعبہ جات اور تعلیمی سہولیات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

شہر کا سیوریج کا گندا پانی نہروں اور راجباؤں میں ڈالنے سے نہریں اور راجباہوں کا پانی آلودہ، آلودہ پانی پینے سے جانور بیماریوں میں مبتلا

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) شہر کا سیوریج کا گندا پانی نہروں اور راجباؤں میں ڈالنے سے نہریں اور راجباہوں کا پانی آلودہ، آلودہ پانی پینے سے جانور بیماریوں میں مبتلا، فصلیں بھی زہریلے پانی سے سیراب، ڈسکہ شہر اور گردونواح میں نہروں راجباہوں کے صاف ستھرے پانی کو دانستہ گندا کیا جانے لگا ان میں سیوریج اور گٹروں کا پانی ڈال کر اسے زہر آلودہ کیا جا رہا ہے جبکہ ماضی میں لوگ اسے پینے کے لیے بھی استعمال کرتے تھے آج اسی پانی سے فصلیں بھی تیار ہو رہی ہیں زہریلا پانی پینے سے جانوروں کو بھی موذی بیماریوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ علاقہ بھر سے گزرنے والی شہروں اور اس کے ملحقہ راجاؤں میں کئی مقامات پر سیوریج اور گھروں کے گندے پانی کو ڈال کر پانی کو دانستہ طور پر یہ زہر آلودہ کر دیا گیا جب کہ ان دیہی علاقوں میں ماضی میں انسانوں کی ایک بہت بڑی تعداد اسے استعمال کرتی تھی یہاں تک کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

گجرات کرپشن کے الزامات پر 5 پولیس افسران معطل، محکمانہ انکوائری شروع

گجرات سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) گجرات کرپشن کے الزامات پر 5 پولیس افسران معطل، محکمانہ انکوائری شروع، گجرات: معطل افسران میں ایس ایچ او تھانہ صدر جلالپور جٹاں انسپکٹر سبطین نوید، اے ایس آئی محمد اشرف، اے ایس آئی عظمت علی، اے ایس آئی غلام صفدر اور اے ایس آئی عابد حسین شامل ہیں معطل پولیس افسران کے خلاف محکمانہ انکوائری کا آغاز کر دیا گیا۔ کرپشن اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری ہے، محکمانہ احتساب سے پولیس فورس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

ڈی ایس پی سرکل غازی آصف اور ایس ایچ او تھانہ سٹی جہانزیب وٹو نے موٹروے پولیس بیٹ نمبر 14 کا دورہ کیا

رینالہ خورد (نامہ نگار) ڈی ایس پی سرکل غازی آصف اور ایس ایچ او تھانہ سٹی جہانزیب وٹو نے موٹر وے پولیس بیٹ نمبر 14 کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعاون کو مزید فروغ دینے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ڈی ایس پی سرکل غازی آصف نے کہا کہ ہائی وے پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور کسی بھی

ڈی ایس پی موٹر وے ایوب خان لودھی اور ایڈمن آفیسر عابد سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات میں ہائی وے پر امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام اور پنجاب پولیس و موٹر وے پولیس کے درمیان باہمی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کے لیے پولیس اور موٹر وے پولیس کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون انتہائی ضروری ہے انہوں نے موٹر وے پولیس سے درخواست کی کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے احکامات پر ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے احکامات پر ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہے۔ ڈی ایس پی ٹریفک خرم شہزاد کی زیر نگرانی ٹریفک پولیس کی کاروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران 541 مختلف گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کے چالان کئے گئے جس میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر مختلف گاڑیوں، موٹر سائیکل سواروں کے 7 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے۔ ٹریفک پولیس نے لین اینڈ لائن کی خلاف ورزی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

پتوکی نیشنل ہائی وے پر خوفناک ٹریفک حادثہ ستھرا پنجاب کا ٹریکٹر ڈرائیور جاں بحق ساتھی زخمی

پتوکی (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) نیشنل ہائی وے پر پنجاب کالج کے قریب ٹریفک کا افسوسناک حادثہ پیش آیا جہاں سٹائل فیکٹری کی بس نے آگے جانے والے ستھرا پنجاب کے ٹریکٹر اور ٹینکی کو ٹکر ماردی حادثے کے نتیجے میں ٹریکٹر ڈرائیور موقع پر ہی جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی زخمی ہو گیا تفصیلات کے مطابق سٹائل فیکٹری کی بس اوکاڑہ سے فیکٹری ورکرز کو لے کر لاہور جا رہی تھی جب بس نیشنل ہائی وے پر پنجاب کالج پتوکی کے قریب پہنچی تو مبینہ طور پر بس آگے جانے والے ستھرا پنجاب کے ٹریکٹر اور ٹینکی سے جا ٹکرائی کے نتیجے میں ٹریکٹر کو شدید نقصان پہنچا جبکہ ٹریکٹر پر سوار افراد بھی حادثے کی زد میں آ گئے حادثے کے نتیجے میں 45 سالہ

نواز موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ اس کا ساتھی 32 سالہ مدثر زخمی ہو گیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق شخص کی لاش کو ضروری قانونی کارروائی کے لیے ٹی ایچ کیو ہسپتال پتوکی منتقل کر دیا جبکہ زخمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی چنیوٹ کی جانب سے جامعہ مسجد عمار غلہ منڈی میں عمرہ ٹکٹ کی قرعہ اندازی کی تقریب

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی چنیوٹ کی جانب سے جامعہ مسجد عمار غلہ منڈی میں عمرہ ٹکٹ کی قرعہ اندازی کی تقریب ہوئی جس کے مہمان خصوصی معروف سماجی و کاروباری شخصیت چوہدری مسعود اقبال، صاحبزادہ محمد قمر الحق سیالوی تھے اس موقع پر مولانا ممتاز احمد کلیار نے خطاب کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسوہ حسنہ پر روشنی ڈالی جبکہ صاحبزادہ محمد قمر الحق سیالوی صاحب نے اپنے خطاب میں توحید و رسالت پر زور دیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت و عقیدت اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایم پی اے میاں محمد منیر، ضلعی انتظامیہ کے افسران، انجمن تاجران کے نمائندگان اور کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اس موقع پر عوام الناس کو ریلیف کی فراہمی کے لیے اشیائے خورونوش کے نئے نرخوں کا تعین کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ مقررہ نرخوں پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور گرانفروشی یا ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

تنخواہیں نہ ملنے پر ستھرا پنجاب ڈسکہ کے ورکرز کا اسسٹنٹ کمشنر آفس کے باہر احتجاج، تنخواہوں کی فوری ادائیگی کا مطالبہ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) تنخواہیں نہ ملنے پر ستھرا پنجاب ڈسکہ کے ورکرز کا اسسٹنٹ کمشنر آفس کے باہر احتجاج، تنخواہوں کی فوری ادائیگی کا مطالبہ، گذشتہ روز ڈیڑھ ماہ سے ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تنخواہیں نہ ملنے پر ورکرز نے گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر کے آفس کے سامنے شدید احتجاج کیا، ورکرز نے جھاڑو چھوڑ ہڑتال بھی کر رکھی تھی جس کی ڈسکہ شہر میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگے ہوئے تھے، ستھرا پنجاب ورکرز نے احتجاج کے دوران اپنی واجب الادا تنخواہوں کی فوری ادائیگی کا مطالبہ کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

District Gujrat Press Club ڈسٹرکٹ گجرات پریس کلب
Office Contact:+92-300-9621663,0321-2478870 Tel: 053-3609219, Fax: 053-3603431
www.districtgujratpressclub.net Email:dgpressclub@gmail.com

کھلی کچہریاں اور DPO کی کارکردگی

سابقہ DPO گجرات اختر فاروق جو کسی تعارف کے محتاج نہیں تھے وزیر اعظم ہاؤس اور وزیر اعلیٰ ہاؤس میں SP کی ڈیوٹی کر چکے تھے اور ستارہ امتیاز سے نوازے گئے تھے وہ ایک پروفیشنل آفیسر تھے جن کے اخلاق اور کردار کی گواہی گجرات پولیس کے علاوہ عوام دے رہے ہیں پولیس اور عوام DPO اختر فاروق کے اخلاق سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ سب کی تقریباً سوچ میں DPO اختر فاروق اپنا کردار اس شکل میں چھوڑ گئے ہیں شاید صدیوں تک کوئی DPO ان کے دل سے DPO اختر فاروق کا اخلاق اور کردار اور پیار نہ نکال سکے گا عوام تو ان سے متاثر تھی پورے گجرات شہر میں کسی کی زبان سے DPO اختر فاروق کی زیادتی نہیں سنی جہاں تک بات انکے کردار کی تھی ہمیں ان سے پہلے DPO طاہر عالم نواز شریف دور میں بہت متاثر کیا سید علی ناصر رضوی نے بہت متاثر کیا سید ندیم شہزاد بخاری اور افضال کوثر نے بڑا متاثر کیا۔ ہم ان کو بھول نہ سکے اور ہمارے دماغ میں ان کی باتیں آج بھی گردش کرتی ہیں لیکن جب میں نے DPO آفس کا وزٹ کیا تو مختلف پولیس افسران سے بات چیت ہوئی تو میں نے متعدد افسران کے بیان سنے اور نوٹ کئے بغیر نہ رہ سکا۔ صحافیوں کی نظر اور عام آدمی کی نظر اور DPO دفتر کے عملے اور مختلف برانچ کے افسران تمام نے واحد DPO اختر فاروق تھے جن کی دل سے تعریف کیں وہ کہتے ہیں DPO صاحب میں جو چیز نوٹ کی ہے آپ یہ سمجھ لے کے DPO اختر فاروق ایک اخلاقی امام کا نام جو انسان بھی ان کو مل لیتا وہ اسے اخلاقی امام سے متاثر



تحریر: سید طارق حسین شاہ
صدر: ڈسٹرکٹ گ

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

کل آفیسر اینٹی کرپشن سیالکوٹ رانا مبشر علی کی بڑی کارروائی شکر گڑھ میں ٹریپ ریڈ، تحصیل منیجر ستھرا پنجاب 50 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے گرفتار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سرکل آفیسر اینٹی کرپشن سیالکوٹ رانا مبشر علی کی بڑی کارروائی شکر گڑھ میں ٹریپ ریڈ، تحصیل منیجر ستھرا پنجاب 50 ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب لاہور اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ کی ہدایات پر سرکل آفیسر اینٹی کرپشن سیالکوٹ/ نارووال رانا مبشر علی نے اسپیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

سیالکوٹ میں سڑک کنارے ریڑھیوں پر مضر صحت اشیائے خورونوش کی فروخت جاری

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیالکوٹ میں سڑک کنارے ریڑھیوں پر مضر صحت اشیائے خورونوش کی فروخت، تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ اور گردونوں کے علاقوں اور مختلف سڑکوں اور عوامی مقامات پر قائم ریڑھیوں اور فوڈ پوائنٹس پر کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری اور فروخت کے حوالے سے شہریوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شہریوں کے مطابق بعض مقامات پر صفائی کے مناسب انتظامات نہ ہونے کے باعث کھانے پینے کی اشیاء گرد وغبار، دھول اور مکھیوں کی زد میں رہتی ہیں، جس سے عوامی صحت کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری اور فروخت کے دوران صفائی کے بنیادی اصولوں پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جانا چاہیے، جبکہ غیر معیاری یا مضر صحت اشیاء کی فروخت کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کو مؤثر کارروائی کرنی چاہیے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوڈ اتھارٹی اور متعلقہ انتظامیہ شہر بھر میں فوڈ پوائنٹس، ریڑھیوں اور کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والے مقامات کی باقاعدہ نگرانی کرے، صفائی کے معیار کو بہتر بنایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ صاف ستھرا اور صحت بخش کھانا ہر شہری کا بنیادی حق ہے، اس لیے متعلقہ ادارے فوری اور مؤثر اقدامات کرتے ہوئے عوام کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنائیں۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے ڈسکہ کا دورہ کیا اور شہر میں جاری ترقیاتی وخوبصورتی کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے ڈسکہ کا دورہ کیا اور شہر میں جاری ترقیاتی وخوبصورتی کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے ڈسکہ کا دورہ کیا اور شہر میں جاری ترقیاتی و خوبصورتی کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ یاسر گیلانی نے ڈپٹی کمشنر کو جاری منصوبوں، کام کی پیش رفت اور مختلف اسکیموں سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے ترقیاتی منصوبوں پر جاری کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام منصوبوں کی مقررہ ٹائم لائن پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد میں شروع کیے گئے منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہونی چاہیے، تاکہ شہریوں کو ان منصوبوں کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے چیئرمین ملک عبدالغفور کی صدارت میں سیال کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس منعقد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے چیئرمین ملک عبدالغفور کی صدارت میں سیال کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایگزیکٹو کمیٹی کے معزز اراکین نے شرکت کی اور امور زیرِ بحث پر ہونے والی مشاورت میں بھرپور حصہ لیا۔ اجلاس کے دوران سیال کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

ایس ایچ او تھانہ راوی طاہر بشیر وٹو کی سربراہی میں کارروائی، اونچی آواز میں فحش گانے چلانے والے 2 ملزمان گرفتار

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ایس ایچ او تھانہ راوی طاہر بشیر وٹو کی سربراہی میں کارروائی، اونچی آواز میں فحش گانے چلانے والے 2 ملزمان گرفتار پولیس تھانہ راوی نے دورانِ گشت و سرچ آپریشن کارروائی کرتے ہوئے اونچی آواز میں فحش گانے چلانے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کے احکامات اور SDPO/DSP صدر سرکل سید زاہد حسین شاہ کی زیرِ نگرانی طاہر بشیر وٹو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 300 کلوگرام بیمار اور مردہ بھینس کا مضرِ صحت گوشت تلف کر دیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق شہریوں کو محفوظ خوراک کی فراہمی اور عوامی صحت کے تحفظ کیلئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 300 کلوگرام بیمار اور مردہ بھینس کا مضرِ صحت گوشت تلف کر دیا گیا۔ کارروائی ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد اور ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات پر اڈا نوری والا پل پر کی گئی، جہاں چک ملک رحمو سے آنے والے لوڈر رکشہ کو روک کر معائنہ کیا گیا، ویٹرنری آفیسر کے معائنے میں گوشت انتہائی بیمار اور انسانی استعمال کیلئے نااہل قرار پانے پر موقع پر ہی تلف کر دیا گیا، پولیس نے رکشہ ڈرائیور عمران کو گرفتار کر کے رکشہ تھانہ صدر منتقل کر دیا، جبکہ فرار ہونیوالے دو ملزمان سمیت تینوں افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا، زرائع کے مطابق پاکپتن کا ایک مخصوص مافیا بڑے گوشت کے قصابوں سے ماہانہ بھتہ وصول کرتا ہے، اور دو نمبر دھندے سمیت ہر قسم کی سرپرستی کرتا ہے، بتایا گیا ہے کہ مذکورہ گوشت شہر کے مختلف ہوٹلوں، تکہ کباب اور دکانوں کو سپلائی کیا جا رہا تھا، ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا کہ شہریوں کو محفوظ اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

انگلش، میتھ، سوشل سٹڈیز، اُردو اور اردلی چائلڈ ہوڈ کریکولم کا جائزہ لیا گیا۔نئے کریکولم کی تشکیل سے بکس کا بوجھ 25 فیصد کم اور رٹا کے رجحان میں کمی آئیگی۔ہر کتاب میں کیو آر کوڈ سکین کرکے موضوع سے متعلق ویڈیو سبق بھی دیکھا جاسکے گا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کلاس ون تا بارہویں (12) تک اے آئی نصاب بھی طلب کرلیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مارچ سے پہلے نصابی کتب کی پرنٹنگ مکمل کرنے کا حکم دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیکٹا کے تشکیل کردہ نئے تعلیمی نصاب کا جائزہ لیا اور باضابطہ منظوری بھی دی۔اجلاس میں سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ذیلی ادارے پیکٹا سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی

بقیہ	سحر	10

فیول ریلیف اسکیم سے متعلق اجلاس اسلام آباد میں ہوا، جس میں وزیر اطلاعات عطا تارڑ، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک، وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ اور وزیر مملکت برائے خزانہ سمیت متعلقہ اداروں اور صوبائی حکومتوں کے نمائندے شریک ہوئے۔

بقیہ	سحر	11

ذرائع کے مطابق مستونگ حملے میں ہلاک فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں میں افغان باشندے بھی شامل تھے۔ہلاک دہشت گرد ذوالفقار المعروف ابو عمر سے افغان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس (جی ڈی آئی) کا کارڈ برآمد ہوا، جبکہ ہلاک دہشت گرد خلیل احمد سے افغان تذکرہ برآمد ہوا ہے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں دہشت گردی کے لیے بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان رجیم کے مبینہ گٹھ جوڑ کا انکشاف اس سے قبل بھی ایک انٹیلی جنس رپورٹ میں کیا جاچکا ہے۔خفیہ رپورٹ کے مطابق 2025 میں بھارتی خفیہ ایجنسی را اور افغان طالبان انٹیلی جنس کے درمیان مشترکہ خفیہ نیٹ ورک کا انکشاف ہوا تھا۔رپورٹ کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی۔رپورٹ کے مطابق ملا ہبت اللہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ اور لاجسٹک سپورٹ فراہم کی گئی۔طالبان رہنما ملا ہبت اللہ کی جانب سے فتنہ الہندوستان کو طالبان رجیم کی طرف سے اسلحہ فراہم کرنے کے لیے لکھا گیا خط بھی دونوں کے مبینہ گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را پاکستان میں دہشت گردی کے لیے طالبان رجیم کے ساتھ مل کر افغان سرزمین کو دہشت گردوں کی تربیت، مالی معاونت اور پناہ گاہوں کے لیے استعمال کررہی ہے۔

بقیہ	سحر	12

پر مبنی خبریں، تجزیے اور باخبر نقطہ نظر فراہم کرنے کیلئے ضروری ہے، قیامِ پاکستان کے بعد بھی صحافت نے جمہوریت کے استحکام، شفافیت کے فروغ اور قومی و بین الاقوامی اہمیت کے امور سے شہریوں کو باخبر رکھنے کی قابل قدر خدمات سرانجام دیں۔مطالعہ اخبارات کے قومی دن 25 ستمبر 2026 پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ مطالعہ اخبارات کے قومی دن پر اخبارات اور شعبہ صحافت سے وابستہ تمام صحافی اور صحافی تنظیموں بالخصوص آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (اے پی این ایس) کے ممبران اور اخبارات کے قارئین کو خصوصی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ	سحر	13

جنرل جاسم محمد البدیوی سے ملاقات کی اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، سلامتی اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ	سحر	14

فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا اور متعلقہ فریقین سے رپورٹ بھی طلب کی ہے۔سماعت کے دوران ڈاکٹر عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کی جانب سے رانا مدثر عمر اور بیرسٹر تیمور پیش ہوئے جبکہ پنجاب حکومت کی جانب سے فرخ لودھی ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔وکیل ڈاکٹر عظمیٰ خانم نے عدالت سے استدعا کی کہ انہیں دو منٹ دیے جائیں تاکہ نظر بندی کے نوٹیفکیشن کو معطل کروایا جاسکے، رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ نے کہا کہ وہ عدالت کے سامنے کچھ حقائق بیان کرنا چاہتے ہیں۔وکیل نے مقف اختیار کیا کہ دونوں خواتین گھریلو خواتین ہیں، جبکہ ڈاکٹر عظمیٰ خانم کے خلاف درج مقدمے میں وہ بے قصور قرار پا چکی ہیں، ٹرائل کورٹ کے فیصلے کی کاپی بھی درخواست کے ساتھ فائل میں موجود ہے۔درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری نظر بندی کے نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دیا جائے۔نورین نیازی کی بیٹی سکینہ سمیت دیگر درخواست گزاروں نے بھی رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ کے توسط سے درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔عدالت نے فوری طور پر نظر بندی کا نوٹیفکیشن معطل کرنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے فریقین سے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ	سحر	15

دانستہ اور غیر قانونی دراندازی کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے، یہ پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی اور جارحیت کی ایک سنگین اور ناقابلِ قبول کارروائی ہے۔وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان گزشتہ کئی برسوں سے افغان طالبان حکومت اور اس کے متعلقہ فریقوں کو افغان سرزمین پر دہشت گردوں کی پناہ گاہوں اور ان کے معاون نیٹ ورکس کی مسلسل موجودگی کے بارے میں اپنی شدید تشویش سے آگاہ کرتا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال کرنے والے عناصر کے خلاف ان نیٹ ورکس کو ختم کرنے اور قابلِ اعتماد و قابلِ تصدیق اقدامات کرنے کے بجائے، افغان طالبان حکومت نے پاکستان کے خلاف دشمنانہ ڈرون کارروائیوں کے ذریعے صورتِ حال کو مزید کشیدہ کرنے کا راستہ اختیار کیا ہے۔

بقیہ	سحر	16

آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی 50ویں سالگرہ کے موقع پر بزنس ایکسی لینس ایوارڈز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ چیمبرز اپنے ممبران کی استعداد کار میں اضافہ کریں اور عالمی منڈیوں تک رسائی اور برآمدات کے فروغ کے لئے عملی اقدامات کریں۔انہوں نے کہا کہ صنعتکاروں اور کاروباری برادری کو برآمدات بڑھانے کے لئے اپنا کردار مزید موثر بنانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سب سے بڑا مسئلہ بیوروکریسی کا پیچیدہ نظام ہے، حکومت سول سروس اصلاحات لا رہی ہے تاکہ انتظامی نظام عوامی سہولت اور کاروبار کے فروغ کے لئے کام کرے، ہمیں پلاٹوں کی معیشت کی بجائے صنعت، پیداوار اور برآمدات کو فروغ دینا ہوگا۔احسن اقبال نے کہا کہ فیصل آباد کی صنعتیں اپنی برآمدات میں 20 فیصد اضافہ کریں، حکومت آئندہ سال فیصل آباد میں ایکسپو سینٹر کے قیام کے لئے اقدامات کرے گی۔انہوں نے کہا کہ وہ وزیراعظم سے فیصل آباد ایکسپو سینٹر کے قیام کی سفارش کریں

بقیہ	سحر	17

یوچ لوکا شینکو سے اعلیٰ سطحی ملاقات کی۔انہوں نے پاکستان کے عوام اور پارلیمان کی جانب سے بیلاروس کے عوام کے لیے گرمجوشی پر مبنی خیر سگالی اور نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا۔چیئرمین سینیٹ نے پاکستانی پارلیمانی وفد کے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر صدر لوکا شینکو کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے بیلاروس کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات باہمی احترام، تعاون اور یکجہتی پر مبنی ہیں۔

بقیہ	سحر	18

نمائندے مسٹر رابرٹ سمپسن اور ایف اے او کی نمائندہ محترمہ ریبیکا بیل سے ملاقات کی۔ملاقات میں پاکستان اور ایف اے او کے درمیان زراعت اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران پاکستان کی زرعی ترجیحات اور پائیدار غذائی و زرعی نظام، غذائی تحفظ، زرعی ترقی اور کاشتکار برادری کی معاونت کے لیے باہمی تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔وفاقی وزیر نے پاکستان کے ساتھ ایف اے او کے مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ زراعت کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری کو مزید فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ	سحر	19

ایوی ایشن، کان کنی اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون پر گفتگو کی گئی۔وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے۔انہوں نے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور کیش لیس ادائیگیوں کے فروغ پر زور دیا۔محمد اورنگزیب نے کہا کہ فری لانسرز کو اعلیٰ مہارتوں کی جانب منتقل کرنے کی ضرورت ہے۔ان کے مطابق پاکستان میں ورچوئل اثاثہ جات سے متعلق قانون سازی اور نگرانی پر کام جاری ہے۔وزیر خزانہ نے ورچوئل اثاثہ جات کے عملی استعمال اور کم لاگت ترسیلاتِ زر پر توجہ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔سرکاری قرض اور ریئل اسٹیٹ کی ممکنہ ٹوکنائزیشن پر بھی غور کیا جارہا ہے

بقیہ	سحر	20

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پمز میں اس سے قبل کینسر کے مریضوں کے لیے صرف 11 بستروں کی سہولت موجود تھی، تاہم نئے کینسر ہسپتال کی تکمیل سے اس شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی۔انہوں نے بتایا کہ پمز کی پرانی عمارت کے حوالے سے 2018 سے ایک منصوبہ تیار تھا، تاہم پہلے پی سی ون اور بعدازاں دوسرے پی سی ون میں خامیاں سامنے آئیں، کام شروع ہونے کے بعد پی ڈبلیو ڈی بند ہوگیا، جس کے بعد سی ڈی اے نے عمارت کی تعمیر کا کام شروع کیا۔

بقیہ	سحر	21

ملاقات کی جس میں صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس ملک شہزاد اعوان، قمر الزمان، نثار جعفری، اویس چوہدری، بختاور خان اور اظہر سراج شامل تھے جبکہ سیکرٹری مواصلات، آئی جی موٹرویز اور چیئرمین این ایچ اے نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی اور اہم امور پر بریفنگ دی۔وفد نے موٹروے پولیس کے بہتر طرزِ عمل پر وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا شکریہ ادا کیا۔ملاقات کے دوران وفاقی وزیر مواصلات نے افسران کو ایکسل لوڈ پالیسی پر مزید موثر انداز میں عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایکسل لوڈ پر کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی، مربوط پالیسی کے لئے انڈسٹریز، ایف بی آر اور متعلقہ محکموں کو آن بورڈ کریں، انہوں نے سیکرٹری مواصلات کو 30 ستمبر کو آئندہ مشاورتی اجلاس بلانے کی ہدایت کی۔ملاقات میں موٹروے پولیس کو خلاف ورزی پر ایف آئی آر کے اندراج کا اختیار دینے پر غور کیا گیا، وفاقی وزیر نے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گڈز ٹرانسپورٹرز کو محکمہ مواصلات سے کوئی شکایت نہیں ہونی چاہیے، د

بقیہ	سحر	22

رینجرز کی تعیناتی کی اجازت دی گئی۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس مناسب اور ضروری جوابی ایکشن لے، رینجرز اور پولیس کسی بھی پرتشدد سرگرمی یا خطرے سے نمٹنے کیلئے مکمل اقدامات کرے گی۔وزارت داخلہ کے مطابق رینجرز اہلکار امن وامان اور سیکیورٹی معاونت کیلئے تمام ضروری ذمہ داریاں سرانجام دیں گے۔

بقیہ	سحر	23

کے لئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے، پاکستان ریلوے سڑکوں کی بندش کی صورت میں ڈیزل کی ترسیل کے لئے زیادہ سے زیادہ ٹرین بوگیوں کی دستیابی یقینی بنائے گا۔جمعرات کو وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی، وزیراعظم فیول ریلیف سکیم پر عملدرآمد، ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل دستیابی یقینی بنانے کے لئے سپلائی چین، ٹرانسپورٹیشن اور لاجسٹکس انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق اجلاس میں پاکستان ریلویز، اوگرا، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (اوسی اے سی)، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں، پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن، آل پاکستان پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔وفاقی وزیر نے وزیراعظم فیول ریلیف سکیم کے لئے پٹرولیم ڈیلرز کی ایسوسی ایشنز کے تعاون اور مکمل حمایت کو سراہا۔

بقیہ	سحر	24

کرنے کی ایک موثر مثال ہے۔وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے نیویارک میں ورلڈ اکنامک فورم کے سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ امپیکٹ میٹنگز 2026 کے اعلیٰ سطحی مکالمے میں شرکت کی، جہاں انہوں نے پاکستان میں جاری جامع ریگولیٹری اصلاحات، سرمایہ کاروں کے لیے سہولت کاری کے اقدامات اور پائیدار، ٹیکنالوجی پر مبنی اور برآمدی سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع کو اجاگر کیا۔

بقیہ	سحر	25

عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ علاقائی تنازعات اور بیرونی مہنگائی کے دباؤ کے باوجود پاکستان محتاط مالیاتی اور زری پالیسیوں کی بدولت معاشی استحکام کے مرحلے سے کامیابی کے ساتھ معاشی بحالی کی جانب گامزن ہے۔بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر آئی ایم ایف کی مینجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا سے ملاقات کی۔وزیراعظم نے پاکستان کی معیشت کے لیے آئی ایم ایف کی مسلسل معاونت کو سراہتے ہوئے آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحاتی پروگرام پر کامیابی سے عملدرآمد کیلئے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے بالخصوص پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان تعمیری شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے میں مینجنگ ڈائریکٹر کے کردار کو سراہا۔وزیراعظم نے اقتصادی اصلاحات کے ایجنڈے کیلئے حکومت کی بھرپور ملکیت اور وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے معیشت کو مستحکم بنانے، پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کی بنیادیں استوار کرنے کے لیے اصلاحات کی رفتار برقرار رکھنے اور ساختی اصلاحات کو آگے بڑھانے کے پاکستان کے پختہ عزم کا اظہار کیا۔شہباز شریف نے کہا کہ علاقائی تنازعات اور بیرونی مہنگائی کے دباؤ کے باوجود پاکستان محتاط مالیاتی اور زری پالیسیوں کی بدولت معاشی استحکام کے مرحلے سے کامیابی کے ساتھ معاشی بحالی کی جانب گامزن ہے۔وزیراعظم نے مالیاتی نظم و ضبط، بیرونی مالیاتی ذخائر اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں بہتری کو اجاگر کیا۔

بقیہ	سحر	26

جارہا ہو تو بات چیت ضرور ہونی چاہیے، لانگ مارچ میں آنے والے سیاسی لوگوں کے خلاف نیٹ لاٹچر استعمال کرنیکا وقت نہیں، سیاسی لوگوں پر نیٹ لاٹچر استعمال نہیں کیے جاتے، ان کی بات سنی جاتی ہے اور شکایات حل کی جاتی ہیں۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم کہہ رہے ہیں ہماری بات سنی جائے۔

بقیہ	سحر	27

منتخب ہونا ان کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار ہے، ڈاکٹر نجیب نقی کا انتخاب آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے اراکین کے اعتماد کا مظہر ہے۔ڈاکٹر نجیب نقی کی مدبرانہ قیادت میں آزاد جموں وکشمیر تعمیر وترقی کی راہ پر گامزن ہو گا۔اسپیکر قومی اسمبلی کا ڈاکٹر نجیب نقی کو صدارت کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر نیک تمناؤں کا اظہار۔

بقیہ	سحر	28

،راولپنڈی، مری، جہلم اور چکوال میں فورس تعینات کی گئی ہے ادھر اٹک میں 30 ہزار سے زائد، راولپنڈی ضلع میں 10 ہزار سے زائد پولیس اہلکار لانگ مارچ ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔راولپنڈی میں 26 انٹری پوائنٹس اور 73 بلاکنگ پوائنٹس پر پولیس تعینات ہوگی، لانگ مارچ سے نمٹنے کیلئے 500 ریپٹر گنز اور 57 ہزار ربڑ کی گولیوں کی ڈیمانڈ کی گئی ہے۔پولیس کی جانب سے 710 آنسو گیس گنز اور ہزاروں اضافی آنسو گیس شیلز بھی طلب کیے گئے ہیں

بقیہ	سحر	29

بھی ہیں، لانگ مارچ موخر کیے جانے تک پی ٹی آئی والوں سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جارہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ سڑکیں کھلی ہوئی ہیں، کنٹینر سڑک کنارے پڑے ہیں، جنہیں حفاظتی اقدامات کے طور پر رکھا گیا ہے۔لانگ مارچ موخر کیے جانے تک پی ٹی آئی والوں سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جارہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہو گا۔یہ یاد رکھا جائے کسی کو بھی اسلام آباد پر چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ	سحر	30

81ویں اجلاس کے موقع پر نیپال کے وزیرِ خارجہ شیسیر کھنال سے ملاقات کی، دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لئے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیرِ اعظم اور وزیرِ خارجہ نے نیپال میں حالیہ اچانک سیلاب سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر تعزیت کا اظہار کیا اور یقین دہانی کرائی کہ پاکستان اس مشکل وقت میں نیپال کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے۔نیپال کے وزیرِ خارجہ نے پاکستان کی حمایت پر شکریہ ادا کیا اور نائب وزیرِ اعظم اسحاق ڈار کو اس آفت کی شدت اور عوام و بنیادی ڈھانچے پر اس کے اثرات سے آگاہ کیا۔دونوں فریقوں نے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے پشمول سیاسی اور اقتصادی مشاورت کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی پیشرفت پر بھی تبادلہ خیال کیا اور کثیرالجہتی فورمز خصوصاً اقوام متحدہ اور سارک میں مسلسل رابطہ کاری کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں فریقوں نے دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لئے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ	سحر	31

مناسب توجہ مرکوز رکھیں گے۔انہوں نے یہ بات قومی یوم اخبار بینی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 25 ستمبر کو منایا جارہا ہے۔صدر آصف علی زرداری نے اس دن کے موقع پر آزاد صحافت اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ میں چوتھے ستون کی حیثیت سے اس کے کردار پر اپنے پختہ یقین کا اعادہ کرتے ہوئے ریاست و معاشرے سے متعلق اور فیصلہ سازوں کو جوابدہ بنانے کے حوالے سے اس کی ذمہ داریوں کی یاددہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ جبکہ ہم متنوع ذرائع ابلاغ کی تیز رفتار ترقی کا مشاہدہ کررہے ہیں، اخبارات آج بھی رائے عامہ کی تشکیل اور باخبر شہری معاشرے کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج بدلتے ہوئے ذرائع ابلاغ کے ماحول میں اخبارات کا مطالعہ اب صرف مطبوعہ صفحات تک محدود نہیں رہا بلکہ اخبارات تیزی سے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور آن لائن رسائی کی دیگر اشکال کے ذریعے بھی قارئین تک پہنچ رہے ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ مصنوعی ذہانت نے تیز رفتار ترقی، جعلی خبروں کو ہدف بنا کر پھیلانا اور ڈس انفارمیشن پر مبنی مہمات بھی ہماری سماجی اقدار، ثقافتی نقطہ نظر اور طرز عمل کو متاثر کررہی ہیں، ایسے ماحول میں ذمہ دارانہ ادارتی نگرانی کے تحت قابلِ اعتماد اور متوازن صحافت پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہے

بقیہ	سحر	32

قانونی اختیار پر معاونت طلب کرلی۔جسٹس انعام امین منہاس نے شہری ساجد کی درخواست پر سماعت کی۔عدالتی طلبی پر ایف آئی اے کی ایڈیشنل ڈائریکٹر زنیرہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر افضل نیازی عدالت میں پیش ہوئے۔ایف آئی اے کی جانب سے 1975 کا ایک لیٹر عدالت میں پیش کیا گیا، جس پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ اس لیٹر میں ایسا کچھ نہیں کہ آپ شہریوں کو آف لوڈ کرسکیں۔

بقیہ	سحر	33

حکومت میں اس وقت مسائل ختم کرنے کی سوچ نہیں ہے۔چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ محمود اچکزئی اور پی ٹی آئی قیادت بات چیت کے لیے تیار ہیں لیکن انہیں پتا ہے کس سے بات کرنی ہے، بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہورہی۔انہوں نے کہا کہ گورنر راج سے پہلے ہی خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگا ہوا ہے۔

بقیہ	سحر	34

کرنا ہوں گے۔اس عمل میں انتظامی اور سیاسی عہدوں، انتظامات، سیاسی جماعتوں کے فیصلوں اور سندھ اسمبلی کی جانب سے منظور کی گئی قرارداد جیسے ممکنہ ردعمل کا جائزہ لینا ہوگا۔

بقیہ	سحر	35

کے مطابق آئی ٹی سی این ایشیا 2026 پاکستان کی ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی اور عالمی شراکت داری کا اہم پلیٹ فارم ثابت ہو رہا ہے،اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹی کونسل (ایس آئی ایف سی) کی معاونت سے آئی ٹی سی این ایشیا پاکستانی ٹیک کمپنیوں اور عالمی سرمایہ کاروں کے درمیان روابط کا اہم ذریعہ بن رہی ہے

بقیہ	سحر	36

شامل تھے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گرد ذوالفقار سے افغان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس کا کارڈ برآمد ہوا ہے۔سیکیورٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ ہلاک دہشت گرد خلیل احمد سے افغان تذکرہ بھی برآمد کیا گیا۔سیکیورٹی فورسز نے گزشتہ روز مستونگ کے علاقے کنک وادی میں کارروائی کرتے ہوئے 9 دہشت گردوں کو ہلاک کیا تھا۔دہشت گردوں نے مستونگ کے علاقہ ٹیکنک وادی میں چوکی پر حملے کی کوشش کی تھی۔ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا۔فورسز نے فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا تھا۔ذرائع نے بتایا کہ ہلاک دہشت گردوں سے 3 موٹر سائیکلیں، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کا ایک جو

نئے صوبے بنانے سے پہلے سیاسی و انتظامی معاملات اور منصفانہ تقسیم پر بات ہونی چاہیے، اسپیکر پنجاب اسمبلی

جتھہ بندی، حملوں کو سیاست تسلیم کرلیا گیا تو مستقبل میں نجی ملیشیاز بھی سامنے آسکتی ہیں، ایسے اقدامات کو روکنا چاہیے، نئے صوبوں کا قیام ایک طویل اور وقت طلب عمل ہے، ملک احمد خان

محسن نقوی کا موقف اس بات پر مبنی ہے کہ تمام شہریوں کو برابر حقوق ملنے چاہئیں، موجودہ انتظامی بندوبست میں ہر شہری کو اس کے حقوق اور وسائل نہیں مل رہے

لاہور (راجہ کوکب سے) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ چھوٹے صوبوں کے حقوق اور وسائل کی منصفانہ تقسیم سے متعلق معاملات پر بات چیت ہونی چاہیے، نئے صوبوں کا قیام ایک طویل اور وقت طلب عمل ہے جس میں انتظامی وسیاسی امور سمیت ممکنہ ردعمل کا بھی جائزہ لینا ہوگا، محسن نقوی کا موقف اس بات پر مبنی ہے کہ تمام شہریوں کو برابر حقوق ملنے چاہئیں، موجودہ انتظامی بندوبست میں ہر شہری کو اس کے حقوق اور وسائل نہیں مل رہے، یہ موقف کس حد تک درست ہے اس پر بات چیت ہونی چاہیے، اگر نئے صوبے بنانے کا فیصلہ کیا جاتا ہے تو اس کے لیے بہت سے معاملات طے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ منصورہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے

لاہور: صوبائی وزیر لیبر محمد منشاء اللہ بٹ نواز شریف سوشل سیکورٹی ہسپتال کے اچانک دورے کے موقع پر مریض کی عیادت کررہے ہیں

شجرکاری ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور آنیوالی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے، محمد ارشاد رامے

درجہ حرارت میں کمی، آلودگی کے اثرات کو کم کرنے اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

آج لگایا جانے والا ایک درخت آنے والی نسلوں کے لیے صاف ہوا، بہتر ماحول اور صحت مند زندگی کا تحفہ ہے

اسلام آباد (عباس ملک سے) ریسورس ایفیشنٹ کلینر پروڈکشن (RECP) پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد ارشاد رامے نے کہا ہے کہ شجرکاری محض درخت لگانے کی سرگرمی نہیں بلکہ صاف، صحت مند اور محفوظ ماحول کی تشکیل کی بنیادی ضرورت ہے۔ ماحولیاتی آلودگی، بڑھتی ہوئی گرمی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی مناسب نگہداشت بھی ناگزیر ہے۔ محمد ارشاد رامے نے کہا کہ درخت قدرتی ماحول کا اہم حصہ ہیں جو فضا کو صاف رکھنے، درجہ حرارت میں کمی، آلودگی کے اثرات کو کم کرنے اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی و تجارتی اداروں کو بھی کلینر پروڈکشن اور ماحول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، بچی گھر کے گٹر میں گر گئی، ریسکیو ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بچی کو گٹر سے بحفاظت نکال لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکٹر بی 17 بلاک سی، اسٹریٹ نمبر 12 میں گھر کے گٹر میں گرنے والی بچی کو ریسکیو ٹیم نے بحفاظت باہر نکال لیا۔ اسلام آباد ایمرجنسی ڈیزاسٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے مطابق واقعہ مکان نمبر 179 میں پیش آیا، جس کی اطلاع ایمرجنسی نمبر 1120 پر موصول ہوئی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے بچی کو گٹر سے بحفاظت نکال لیا۔ ریسکیو حکام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سنئیر صحافی سردار شوکت محمود کی والدہ کے انتقال پر اظہارِ تعزیت

والدہ جیسی عظیم ہستی کی جدائی ایک ناقابلِ تلافی صدمہ ہے، جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے راولپنڈی اسلام آباد بیوروز جرنلسٹ ایسوسی ایشن (RIBJA) کے سابق صدر، سنئیر صحافی اور ایڈیٹر انچیف اسلام آباد ٹوڈے سردار شوکت محمود کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں اسپیکر سردار ایاز صادق نے سردار شوکت محمود سے ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ والدہ جیسی عظیم ہستی کی جدائی ایک ناقابلِ تلافی صدمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

آئی ٹی سی این ایشیا، پاکستانی ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی اور عالمی شراکت داری کا اہم پلیٹ فارم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی ٹیکنالوجی صلاحیتوں کو عالمی منڈیوں سے جوڑنے اور ڈیجیٹل معیشت کے فروغ میں آئی ٹی سی این ایشیا اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ تفصیلات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

مستونگ حملہ، ہلاک دہشتگرد سے افغان انٹیلی جنس کا کارڈ برآمد، فورسز نے فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کرکے مزید 7 خوارج کو ہلاک کردیا تھا

مستونگ (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ مستونگ حملے میں ہلاک دہشت گردوں میں افغان باشندے بھی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

سی ڈی اے کا اسلام آباد میں الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسیں متعارف کرانے کا فیصلہ

شہری اور سیاح ڈبل ڈیکر بس کے ذریعے اسلام آباد کے خوبصورت مناظر سے لطف اندوز ہوسکیں گے

شہریوں اور سیاحوں کو اسلام آباد کی سیر کے لیے جدید اور ماحول دوست الیکٹرک بسوں کی سہولت فراہم ہوگی، اسلام آباد انتظامیہ

الیکٹرک ڈبل ڈیکر بس سروس اسلام آباد کی سیر کو ایک نیا اور منفرد انداز دے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سی ڈی اے نے اسلام آباد کے شہریوں اور ملکی وغیر ملکی سیاحوں کی سہولت کیلئے الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسیں متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ سی ڈی اے انتظامیہ کے مطابق شہریوں اور سیاحوں کو اسلام آباد کی سیر کے لیے جدید اور ماحول دوست الیکٹرک بسوں کی سہولت فراہم ہوگی۔ سی ڈی اے کے مطابق شہری اور سیاح ڈبل ڈیکر بس کے ذریعے اسلام آباد کے خوبصورت مناظر سے لطف اندوز ہوسکیں گے۔ الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسیں اسلام آباد کے 15 سے زائد اہم تفریحی، تاریخی اور سیاحتی مقامات سے منسلک ہوں گی۔ روٹ میں لیک ویو پارک، شکر پڑیاں، پاکستان مونومنٹ، فیصل مسجد، دامن کوہ اور ڈی چوک شامل ہوں گے۔ ڈبل ڈیکر بس سروس شہریوں اور سیاحوں کو دارالحکومت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کی بروقت کارروائی سے قیمتی جان بچ گئی

ٹیم نے جدید ٹریسنگ اور نادرا کی مدد سے ملزم کی شناخت شایان علی اور لوکیشن بہاولپور ٹریس کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آئی کی جانب سے مشکوک اے آئی یوزر کو فلیگ کیا گیا جو جان لیوا مواد پر ریسرچ کر رہا تھا جسکا الرٹ وزارت خارجہ کے ذریعے این سی سی آئی اے تک پہنچا۔ این سی سی آئی اے لاہور سرکل نے فوری انکوائری درج کی اور ٹیم نے جدید ٹریسنگ اور نادرا کی مدد سے ملزم کی شناخت شایان علی اور لوکیشن بہاولپور ٹریس کی۔ افسران بالا کی ہدایت پر سرچ وارنٹ کے ساتھ چھاپہ مارا گیا، ملزم کو حراست میں لے کر موبائل فون اور مشتبہ خطرناک کیمیکلز برآمد کر لیے گئے، ڈیوائس سے متعلقہ اے آئی ایپلی کیشن کے شواہد بھی مل گئے۔ ترجمان نے بتایا کہ بروقت اطلاع، جدید ٹیکنالوجی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

پی ٹی آئی لانگ مارچ، موٹرویز اور جی ٹی روڈ کے اہم راستے بند کردیئے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے معاملے پر موٹروے پولیس نے اہم شاہراہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

چین کی ترقی کا راز قومی و نسلی اتحاد ہے، پاکستان سے تجربات شیئر کرنے کو تیار ہیں، چینی سفیر

پاکستان چین کی ترقی اور سماجی استحکام کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکتا ہے

چینی شہری پاک چین دوستی اور اقتصادی و ثقافتی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہے ہیں، جیانگ زی ڈونگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چینی سفیر جیانگ زی ڈونگ نے کہا ہے کہ چین کی معاشی خوشحالی اور ترقی میں قومی و نسلی اتحاد نے کلیدی کردار ادا کیا، چین اپنے آہنی برادر ملک پاکستان کے ساتھ اپنے تجربات شیئر کرنے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون و سیکھنے کے عمل کو مزید فروغ دینے کیلئے تیار ہے۔ چینی سفیر نے یہ بات پاکستانی اور چینی الیکٹرانک میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے چین میں نسلی اتحاد کے فروغ کے اقدامات اور تجربات کے حوالے سے سوالات کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں مقیم بہت سے چینی شہریوں کا تعلق سنکیانگ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

لاہور ہائیکورٹ کا پنجاب میں ایف آئی آر کا فونٹ بڑا اور یکساں کرنے کا حکم

یہ ایف آئی آر تو عینک لگا کر بھی نہیں پڑھی جا رہی، کم از کم ایک ہی فونٹ رکھیں، چیف جسٹس

ہم ایف آئی آر پڑھیں گے یا اسے سمجھیں گے؟، جب تین صفحات کا کام ایک صفحے پر ہوگا تو فونٹ تو چھوٹا ہوگا، کہتے ہیں ہم پیپر بچا رہے ہیں

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے آئی جی پنجاب کو صوبے بھر میں ایف آئی آر کے فونٹ سائز کو بڑھانے اور ایک ہی طرز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

کراچی: ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار پریس کانفرنس کرتے ہوئے

پی ٹی آئی رہنماں کو ہراساں نہیں کیا، آئندہ بھی نہیں کریں گے، اسلام آباد پولیس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی پولیس حکام نے ہائیکورٹ کو آگاہ کیا ہے کہ پی ٹی آئی رہنماں کو ہراساں نہیں کیا گیا اور نہ ہی آئندہ ہراساں کیا جائے گا۔ جسٹس انعام امین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

چارسدہ میں پولیو ڈیوٹی پر مامور ایل ایچ وی پر فائرنگ، ملزم گرفتار

چارسدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) چارسدہ کے تھانہ مندنی کی حدود میں پولیو ڈیوٹی پر مامور ایل ایچ وی پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، تاہم پولیو ٹیم اور سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکار محفوظ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

پاکستان جدت اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے ساتھ انسانی ذمہ داری، سیکیورٹی، شفافیت اور عوامی اعتماد کو بھی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے، قیصر احمد شیخ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان جدت اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے ساتھ انسانی ذمہ داری، سیکیورٹی، شفافیت اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی کا اجلاس، ٹک ٹاک لائیو پر پابندی زیر بحث

ٹک ٹاک لائیو پر انتہائی نامناسب اور خطرناک حرکتیں ہو رہی ہیں، سینیٹر افنان اللہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کا اجلاس ہوا جس میں ٹک ٹاک لائیو کے استعمال پر پابندی، 16 سال سے کم عمر بچوں کے انٹرنیٹ استعمال کرنے پر سختی کرنے اور سرکاری افسران کیلئے مختص میسجنگ کی سپر ایپ بنانے کے امور زیر بحث آئے۔ سینیٹر پلوشہ خان کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کا اجلاس ہوا۔ اس دوران سینیٹر افنان اللہ نے کہا کہ ٹک ٹاک لائیو پر انتہائی نامناسب اور خطرناک حرکتیں ہو رہی ہیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے کا کہنا تھا کہ این سی سی آئی اے پی ٹی اے سے تحریری طور پر درخواست کرتا ہے۔ چیئرمین پی ٹی اے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

پاکستان توڑنے کی سازش کامیاب نہیں ہوگی، نوجوان ریاست مخالف پروپیگنڈے کا حصہ نہ بنیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں چند عناصر شناخت کی بنیاد پر علیحدگی چاہتے ہیں، پاکستان کو توڑنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی، بیرونِ ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں، نوجوان ریاست مخالف پروپیگنڈے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

امیر مقام اور وزیر اعظم آزاد کشمیر کے درمیان ملاقات

وفاقی حکومت خطے کی ترقیاتی ترجیحات کے حصول اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق منصوبوں کی تکمیل کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی، وفاقی وزیر

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام سے وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے یہاں ملاقات کی۔ وزیر امور کشمیر کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم ہاس مظفر آباد آمد پر وفاقی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران انجینئر امیر مقام نے وزیر اعظم بیرسٹر افتخار گیلانی کو گلدستہ پیش کیا اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت آزاد جموں و کشمیر میں ترقیاتی سرگرمیوں، عوامی فلاح و بہبود اور خطے کی موجودہ ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر انجینئر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

لاہور: سمیڈا کی بورڈ ممبر آسیہ سائل ملک بھر کے ویمن چیمبرز کے ساتھ منعقدہ مشاورتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بیلا روس پہنچ گئے، منسک میں فتح یادگار پر حاضری، پھول چڑھائے

منسک (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کی قیادت میں پاکستانی پارلیمانی وفد سرکاری دورے پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

لاہور: سیکرٹری ایجوکیشن پنجاب شعیب اقبال سید سے عالمی بینک اور عالمی شراکت داری برائے سپیشل تعلیم کا وفد ملاقات کررہا ہے

پاکستان میں عالمی بحری قوانین پر عمل درآمد جاری ہے، جنید انوار چوہدری

قوانین پر موثر عمل درآمد کے لیے قانون سازی، نفاذ، تربیت اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر

بحری شعبے میں بہترین کارکردگی کا فروغ بحری پالیسیوں اور بین الاقوامی معیارات کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت اجاگر کرتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان بحری شعبے اور اس سے متعلق آپریشنز میں بین الاقوامی بحری قوانین اور معیارات پر عمل درآمد کر رہا ہے، ان قوانین پر موثر عمل درآمد کے لیے قانون سازی، نفاذ، تربیت اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت ہے۔ ورلڈ میری ٹائم ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ 2026 کا موضوع پالیسی سے عمل درآمد تک: بحری شعبے میں بہترین کارکردگی کا فروغ بحری پالیسیوں اور بین الاقوامی معیارات کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

ڈی آئی جی آپریشنز کی ماڈل ٹاؤن ڈویژن سے انسدادِ جرائم میٹنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے ماڈل ٹاؤن ڈویژن سے انسدادِ جرائم میٹنگ کا انعقاد کیا۔ میٹنگ میں ایس ایس پی آپریشنز، ایس پی ماڈل ٹاؤن، سرکل افسران، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

پنجاب بھر میں آٹے کی فراہمی کا سلسلہ معمول کے مطابق جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل فوڈ پنجاب امجد حفیظ نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں آٹے کی فراہمی کا سلسلہ معمول کے مطابق جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

کوئٹہ: پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن (پی جے اے) کا 12 واں یوم تاسیس

گورنر بلوچستان نے پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

(جہانگیر خان مست خیل) کوئٹہ: پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن (پی جے اے) کا 12 واں یوم تاسیس۔ پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن (پی جے اے) کے 12 ویں یوم تاسیس کی مرکزی تقریب گورنر ہاؤس کوئٹہ میں منعقد ہوئی۔ گورنر بلوچستان جناب شیخ جعفر خان مندوخیل نے صوبہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ہمراہ اپنے دست مبارک سے کیک کاٹ کر یوم تاسیس کے پہلے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوریت کا ستون ہے۔ پی جے اے نے ہمیشہ صحافیوں کے حقوق اور سچ کی آواز کو بلند کیا ہے جو قابل تحسین ہے۔ پی جے اے بلوچستان کے عہدیداران نے گورنر بلوچستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کی 12 ویں سالگرہ کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

شرپسند پی ٹی آئی کا احتجاج یا انتشار؟ لانگ مارچ کیلئے جانے والی غلیلوں کی کھیپ پکڑی گئی

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے احتجاجی سامان نذرِ آتش کرکے ڈرائیور کو گرفتار اور گاڑی کو قبضے میں لے لیا

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور میں پی ٹی آئی کے ممکنہ لانگ مارچ کیلئے جانے والی غلیلوں کی کھیپ پکڑی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق 23 ستمبر کو پشاور میں لانگ مارچ کے لیے جانے والی غلیلوں سے بھری گاڑی کو تحویل میں لے لیا گیا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے احتجاجی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

وزیر اعظم کی ہدایت پر سمیڈا کا ملک بھر کے ویمن چیمبرز سے رابطہ

بورڈ ممبر آسیہ سائل کی زیر صدارت اجلاس، فنانسنگ کو آسان بنانے کیلئے مشاورت

لاہور (سٹاف رپورٹر) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) نے خواتین کی کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، مائیکرو انٹرپرائزز کو مضبوط بنانے اور کاروباری معاونتی خدمات تک رسائی بہتر بنانے کے لیے ملک بھر کے ویمن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ رابطوں اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

لاہور، سائبر فراڈ میں ملوث 11 ملزمان گرفتار، بینک افسر بن کر شہریوں کو لوٹنے والے بھی شامل

لاہور (سٹاف رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی ایجنسی (این سی سی آئی اے) پنجاب کی کارروائیوں کے دوران سائبر فراڈ میں ملوث 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا جن میں بینک افسر بن کر شہریوں کو لوٹنے والے 6 ملزمان بھی شامل ہیں۔ ترجمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

پٹرولیم لیوی کے خلاف تحریک جاری، (آج) لاہور میں بڑا جلسہ عام ہوگا' لیاقت بلوچ

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن جلسہ میں لیوی کیخلاف سپر مارچ بارے اہم اعلان کریں گے

وزیر اعظم وطن واپسی پر بلا تاخیر لیوی پر مذاکرات کا آغاز کریں، ٹال مٹول قبول نہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری تحریک کے سلسلے میں آج بروز جمعہ کو لاہور میں جلسہ عام کا اعلان کیا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن جلسہ میں لیوی کیخلاف سپر مارچ بارے اہم اعلان کریں گے۔ منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے لیاقت بلوچ کا کہنا تھا لیوی کے خاتمہ کی ملک گیر احتجاجی تحریک جاری ہے، اسلام آباد لانگ مارچ چند روز کے لیے حکمت عملی کے تحت موخر کیا، وزیر اعظم وطن واپسی پر بلا تاخیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد، غیر ملکی شہری سے 80 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے، مقدمہ درج

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر جی ٹین میں غیر ملکی شہری لٹ گیا، واقعے کا مقدمہ درج کر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

سابق حکومت میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں میں مالی بے ضابطگیوں کا ریکارڈ طلب

پی اے سی ستھرا پنجاب کے ملازمین کو بروقت تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر بھی برہمی کا اظہار، تنخواہیں ٹرانسفر ہونے کا ریکارڈ بھی طلب

کمیٹی کا فیصل آباد مینجمنٹ کمپنی کے افسران کی کارکردگی پر تشویش کا اظہار، کمپنی کے 2023-25 کے دوبارہ آڈٹ کا حکم

لاہور (کورٹ رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ستھرا نے سابق حکومت میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں میں مالی بے ضابطگیوں کا ریکارڈ طلب کرلیا جبکہ کمیٹی نے ستھرا پنجاب کے ملازمین کو بروقت تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر بھی برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ملازمین کی تنخواہیں اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہونے کا ریکارڈ بھی طلب کرلیا۔ پی اے سی ستھرا کا اجلاس چیئرمین احمد اقبال چوہدری کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں سابق حکومت کے دور میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

پی ٹی آئی فکری قیادت مریم نواز کیلئے رطب اللسان

پی ٹی آئی کی بانی، سابق رہنما فوزیہ قصوری وزیر اعلیٰ پنجاب کی مداح نکلیں

دیانت داری سے کہوں تو مریم نواز پر فخر محسوس ہوتا ہے، ان کا جذبہ، لگن اور محنت کاموں سے واضح نظر آتی ہے، تقریب میں گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی کی فکری قیادت بھی پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کیلئے رطب اللسان ہیں۔ پی ٹی آئی کی بانی، سابق رہنما فوزیہ قصوری وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی مداح نکلیں۔ سابق پی ٹی آئی رہنما فوزیہ قصوری پی ٹی آئی کی طرز سیاست اور قیادت پر برس پڑیں۔ فوزیہ قصوری نے پی ٹی آئی کی قیادت کو مشورہ دیا ہے کہ انہیں مریم نواز شریف سے سیکھنا چاہیے۔ حکومت ملی تو لوگوں کی خدمت بھی کریں۔ فوزیہ قصوری نے ایک تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دو ڈھائی سال میں لاہور میں الیکٹرک بسوں کا رڈیالوجی انسٹیٹیوٹ جیسی بہت سی پازیٹیو چیزیں دیکھیں۔ کیا الیکٹرک بسیں اور جناح کارڈیالوجی جیسی چیزیں رول ماڈل نہیں ہونی چاہیں۔ میں کراچی سے ہوں اور کراچی کو بیسٹ کہا کرتی تھی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی نیشنل انکیوبیشن سینٹر (این آئی سی) پشاور کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

نیشنل انکیوبیشن سینٹر (این آئی سی) پشاور کے زیرِ اہتمام گریجویشن تقریب کا انعقاد

جس میں انکیوبیشن پروگرام مکمل کرنے والے نوجوان کاروباری افراد اور مختلف اسٹارٹ اپس نے شرکت کی

پاکستان نوجوان ملک ہے اور نوجوان ہی ہماری سب سے بڑی طاقت ہیں، گورنر فیصل کریم کنڈی

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) نیشنل انکیوبیشن سینٹر (این آئی سی) پشاور کے زیر اہتمام گریجویشن تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں انکیوبیشن پروگرام مکمل کرنے والے نوجوان کاروباری افراد اور مختلف اسٹارٹ اپس نے شرکت کی۔ تقریب میں نوجوانوں کی شاندار کارکردگی، جدت اور کامیابیوں کو اجاگر کیا گیا جبکہ کامیاب اسٹارٹ اپس اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے نوجوانوں میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان نوجوان ملک ہے اور نوجوان ہی ہماری سب سے بڑی طاقت ہیں۔ ہمارے نوجوان باصلاحیت، تخلیقی اور جدید خیالات سے مالا مال ہیں اور عالمی مارکیٹ تک رسائی حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این آئی سی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں ایسوسی ایٹ کلاس کی نشستوں پر پولنگ کے موقع پر ووٹرز کا رش لگا ہوا ہے

ہونہار طالبہ عنایہ نواز کو انٹرمیڈیٹ پارٹ 2 فرسٹ اینول امتحانات 2026 میں اے گریڈ میں 881 نمبرز اور ہونہار طالبہ ارحمہ نواز کو بی گریڈ میں 771 نمبرز لینے پر چیئرمین سحر میڈیا گروپ ملک یامین اعوان کی جانب سے مبارکباد

Board of Intermediate and Secondary Education, Lahore
INTERMEDIATE (PART-II) FIRST ANNUAL EXAMINATION, 2026

ROLL NUMBER: 564174
STUDENT NAME: ARHAMA NAWAZ
FATHER NAME: MUHAMMAD NAWAZ
REGISTRATION: 30127-2209-2024

SUBJECT	TH-1	TH-2	PR-1	PR-2	TOTAL	PERCENTILE SCORE	GRADE	STATUS
TRANSLATION OF THE HOLY QURAN	48	44	--	--	92	92.00	A+	PASS
URDU	59	76	--	--	135	71.81	C+	PASS
ENGLISH	52	42	--	--	94	48.21	D	PASS
ISLAMIC EDUCATION	39	--	--	--	39	78.00	B	PASS
PAKISTAN STUDIES	--	41	--	--	41	82.00	B+	PASS
MATHEMATICS	52	47	--	--	99	49.50	D	PASS
STATISTICS	60	51	--	12	123	61.50	C	PASS
COMPUTER SCIENCE	64	50	--	34	148	74.00	C+	PASS
TOTAL MARKS							771	PASS 771 B

Board of Intermediate and Secondary Education, Lahore
INTERMEDIATE (PART-II) FIRST ANNUAL EXAMINATION, 2026

ROLL NUMBER: 564150
STUDENT NAME: ANAYA NAWAZ
FATHER NAME: MUHAMMAD NAWAZ
REGISTRATION: 30192-2209-2024

SUBJECT	TH-1	TH-2	PR-1	PR-2	TOTAL	PERCENTILE SCORE	GRADE	STATUS
TRANSLATION OF THE HOLY QURAN	50	46	--	--	96	96.00	A+	PASS
URDU	73	77	--	--	150	79.79	B	PASS
ENGLISH	65	59	--	--	124	63.59	C	PASS
ISLAMIC EDUCATION	40	--	--	--	40	80.00	B	PASS
PAKISTAN STUDIES	--	43	--	--	43	86.00	B+	PASS
MATHEMATICS	70	46	--	--	116	58.00	D+	PASS
COMPUTER SCIENCE	62	55	--	34	151	75.50	C+	PASS
STATISTICS	78	68	--	15	161	80.50	B	PASS
TOTAL MARKS							881	PASS 881 A